# First Semester Examination : OCTOBER - 2019

## Science & Technology : Paper - II (U)

| Time : 2 Hours | Std. IX | Max. Marks : 40 |
|---|---|---|

1. (A) : صحیح متبادل کا انتخاب کر کے درج ذیل بیانات مکمل کیجیے اور انھیں دوبارہ لکھیے۔ (05)

(i) درج ذیل میں سے کس پودے کا جسم ملائم اور ریشے دار ہوتا ہے؟

(a) کھل بیجہ (b) بند بیجہ (c) برائیوفائٹا (d) تھیلوفائٹا

(ii) کسی مخصوص مقام پر ایک خاص وقت کی فضائی حالت کو کیا کہتے ہیں؟

(a) آب وہوا (b) موسم (c) درجہ حرارت (d) مرطوبیت

(iii) پھپھوند سے تیار ہونے والے زہریلے کیمیائی مادوں کو کیا کہتے ہیں؟

(a) مائکوٹاکزنس (b) رائزوبیم (c) ایسٹ (d) کلوسٹریڈیم

(iv) درج ذیل میں سے پلاسٹک کی تھیلیاں، کانچ، ربر وغیرہ کیا ہیں؟

(a) خطرناک کچرا (b) صنعتی کچرا (c) حیاتی طبی کچرا (d) شہر کا کچرا

(v) کمپیوٹر کو..........................نہ دی جائے تو وہ کام نہیں کرتا۔

(a) تربیت (b) رفتار (c) برقی طاقت (d) Presentation

(B) : مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیجیے۔ (05)

(i) متفرق جز علیحدہ کیجیے: نمونیا ، ہیضہ ، خناق ، خسرہ

(ii) پہلی جوڑی کے درمیان تعلق کے مد نظر دوسری جوڑی کے درمیان تعلق لکھیے:

غذاساز : خوہر کفیل: : صارف : ..........................

(iii) درج ذیل بیان صحیح ہے یا غلط لکھیے: ماحولی نظام میں تغذیاتی مادوں کا بہاؤ یک طرفہ بہاؤ مانا جاتا ہے۔

(iv) مناسب جوڑیاں لگایئے:

| ستون 'الف' | ستون 'ب' |
|---|---|
| (1) تھیلوفائٹا | (a) نیفرولیپس |
| (2) برائیوفائٹا | (b) کائی |
| | (c) ماس |
| | (d) سائکس |

(v) درج ذیل مخفف نام مکمل صورت میں لکھیے: ALU

Scanned by CamScanner

2.(A) : مندرجہ ذیل میں سے کوئی دو کے سائنسی وجوہات لکھیے۔ (04)

(i) ماحولی نظام میں تغذیاتی ماڈوں کا بہاؤ دوری ہوتا ہے۔

(ii) انسانی ترقی، سازگار موسم اور جغرافیائی حالات قریبی تعلق رکھتی ہے۔

(iii) گرمی کے موسم میں بہت دیر سے رکھی ہوئی دال کی سطح پر جھاگ نظر آتے ہیں۔


(B) : مندرجہ ذیل میں سے کوئی تین سوالات حل کیجیے۔ (06)

(i) ذیلی عالم 'زہراوی نباتات' کی خصوصیات لکھیے۔

(ii) اطلاعاتی مواصلات کے مختلف آلات کون سے ہیں؟ سائنس کے حوالے سے ان آلات کا استعمال کیسے کیا جاتا ہے؟

(iii) براڈاسپیکٹرم ضد حیاتیہ سے کیا مراد ہے؟

(iv) مندرجہ ذیل تغذیاتی سطح کا خاکہ مکمل کیجیے۔




(v) آپریٹنگ سسٹم کیا ہے؟ کوئی دو مثالیں دیجیے۔

3. : مندرجہ ذیل میں سے کوئی پانچ سوالات حل کیجیے۔ (15)

(i) حیاتی۔ارضی۔کیمیائی دور کی مختلف قسمیں کون سی ہیں؟ ان ادوار کی اہمیت واضح کیجیے۔


(ii) 'نباتات اور حیوانات کے لیے پھپھوند فائدہ مند ہوتی ہے۔' اس بیان کی وضاحت کیجیے۔

(iii) کمپیوٹر کا استعمال کرتے ہوئے آپ کو کن تکنیکی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے؟ ان دشواریوں کے حل کے لیے آپ نے کیا کروگے؟

(iv) مریض کو منتقل کرنے کے طریقے کا استعمال کرتے وقت کس بات کا خیال رکھنا چاہیے؟ مناسب مثالوں کے ذریعے واضح کیجیے۔


Scanned by CamScanner

(v) دی گئی اسپائرو گائرا کے خلیہ کو نامزد کیجیے اور وضاحت کیجیے۔



(vi) چھوٹے بچوں کو کون سے ٹیکے دیے جاتے ہیں؟ کیوں؟

(vii) درج ذیل کا مشاہدہ کیجیے اور 'آکسیجن کا دور' کی وضاحت کیجیے۔




(viii) مندرجہ ذیل جدول میں اطلاعاتی مواصلاتی ٹیکنالوجی کے چند وسائل کے نام دیے گئے ہیں۔ پوچھے گئے سوالوں کی مدد سے جدول مکمل کیجیے۔

| وسائل کا نام | کس لیے استعمال کیا جاتا ہے؟ | کہاں استعمال ہوتا ہے؟ | استعمال کے فوائد |
|---|---|---|---|
| کمپیوٹر | | | |
| موبائل | | | |
| ٹیلی ویژن | | | |

Scanned by CamScanner

4. : مندرجہ ذیل سے کوئی سوال حل کیجیے۔ (05)

(i) مارکنشیا کی صاف ستھری نامزد شکل بنا کر اس کی وضاحت کیجیے۔

(ii) درج ذیل پیراگراف پڑھ کر اس پر مبنی دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔

انسانی روزمرہ سرگرمیوں سے کئی فاضل اشیا پیدا ہوتی ہیں۔ ان اشیا کو ٹھوس فاضل مادے کہا جاتے ہیں۔ اگر ان فاضل مادوں کی مناسب طریقے سے نکاسی کی جائے تو یہ ہمارے لیے توانائی کا قیمتی ذریعہ ہو سکتے ہیں۔ موجودہ دور میں دنیا بھر کے ممالک میں ٹھوس فاضل مادوں کی تیاری اور ان کی نکاسی ایک سنگین مسئلہ بن گئی ہے کیونکہ اس سے آبی اور مٹی کی آلودگی ہوتی ہے۔ ٹھوس فاضل مادے معاشی نمو، ماحول کی تنزلی اور صحت کے نقطۂ نظر سے بھی ایک پیچیدہ سنگین مسئلہ بن گئے ہیں۔ ان کی وجہ سے پیدا ہونے والی ہوا، پانی اور مٹی کی آلودگی قدرتی ماحول اور انسانی مسکن کے لیے زبردست خطرہ بن گئی ہے۔ ہماری ریاست کے اہم بڑے شہروں میں پیدا ہونے والے فاضل مادوں کی مقدار ذیل کے مطابق ہے۔

ممبئی میں تقریباً 5000 ٹن، پونے میں تقریباً 1700 ٹن، ناگپور میں 900 ٹن۔

(1) فاضل اشیا کون پیدا کرتا ہے اور یہ کیسے پیدا کئے جاتے ہیں؟

(2) فاضل اشیا کب توانائی کا قیمتی ذریعہ بن سکتی ہیں؟

(3) کس نقطۂ نظر سے ٹھوس فاضل اشیا ایک سنگین مسئلہ بھی ہیں؟

(4) ٹھوس فاضل مادے کس طرح انسانی مسکن کے لیے سنگین خطرے کے باعث بن جاتے ہیں؟

(5) مہاراشٹر کے کس شہر میں سب سے زیادہ فاضل مادے تیار ہوتے ہیں؟

Scanned by CamScanner